کی جو تصویر پیش کی جا رہی ہے مثلاً شہوت پرست 'انسان' شیطان صفت انسان' فتنہ پرور انسان' وغیرہ وغیرہ' اسے دکھایا گیا ہے۔ چوتھا باب خصوصی اہمیت رکھتا ہے جس میں مصر' سعودی عرب' کویت اور دیگر عرب ممالک پر مغربی میڈیا کے اثرات کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ ایک باب بھارتی میڈیا پر ہے۔ اسی باب میں پاکستانی معاشرے خصوصاً پاکستانی صوبہ پنجاب کی مثال پیش کی گئی ہے۔ ۸واں باب اسلامی میڈیا' نظریہ اور عمل کا ہے۔

تبصرہ نگار کی نظر میں ۴۲۰ صفحات کی یہ کتاب اس لائق ہے کہ جو افراد اور ادارے آنے والے دور میں اسلام کو غالب کرنے کے خواب دیکھ رہے ہیں یا کسی جدوجہد میں مصروف ہیں' وہ ضرور کتاب کا مطالعہ کریں۔ انسانی ذہن جیتنے کی لڑائی میڈیا کے ذریعے ہی لڑی جا رہی ہے۔ دشمن بہت آگے تک حملہ کر چکا ہے' اور ہم نے ابھی صف بندی بھی نہیں کی ہے۔ اگر تیاری ہو تو یہ کہتے اچھے لگیں کہ: ع شب گریزاں ہوگی آخر جلوۂ خورشید سے ـــــ جو اس کتاب کے آخری باب کا موضوع ہے۔ (م-س)

تعارف کتب

☆ **پس چہ باید کرد**' سید علی گیلانی۔ ناشر: منشورات' منصورہ' لاہور۔ صفحات: ۷۲۔ قیمت: ۲۱ روپے۔ [مباحث: ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ء۔ پس چہ باید کرد۔ افغانستان پر امریکی حملہ۔ جموں و کشمیر اسمبلی پر حملہ۔ یہ کتابچہ سری نگر سے بھی چھپ چکا ہے۔]

☆ **م صلی اللہ علیہ وسلّم**' غالب عرفان۔ ناشر: بزم تحقیق ادب پاکستان' ڈی ۱۲ منیبہ آرکیڈ' گلستانِ جوہر' بلاک ۷' مین یونی ورسٹی روڈ' کراچی ۷۵۲۹۰۔ صفحات: ۹۳۔ قیمت: ۷۰ روپے۔ [ایک حمد اور ۳۳ نعتوں کا مجموعہ۔ تقاریظ و تقدیمات از پروفیسر حسنین کاظمی' ڈاکٹر عاصی کرنالی' سید معراج جامی۔]

☆ **سراغِ زندگی**' مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' برانچ پوسٹ آفس' خالق آباد' نوشہرہ۔ صفحات: ۱۵۸۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [ایسے دل چسپ اقتباسات کا مجموعہ' جو مولف نے اپنے زمانۂ طالب علمی اور پھر تصنیفی مراحل میں' زیر مطالعہ کتابوں اور رسالوں سے اخذ کر کے اپنی ذاتی ڈائری میں جمع کر لیے۔ زیادہ تر تحریریں اکابر اور علما کی ہیں' خصوصاً شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی' محمد علی جوہر' ابوالکلام آزاد وغیرہ کے واقعات' ملفوظات ـــــ کام کی باتیں۔]

☆ **سفر صدیوں کا**' سعید اکرم۔ ناشر: کمال پبلی کیشنز' ۱۶' مال پلازا' راولپنڈی کینٹ۔ صفحات: ۱۵۹۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [ایک پختہ گو' قادر الکلام اور مثبت طرزِ فکر شاعر کا خوب صورت مجموعہ شعر۔ سرِ آغاز: خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَیَان۔ اشاعت میں خاص اہتمام۔]

☆ **سیارہ**' اشاعت خاص ۴۸' سالنامہ ۲۰۰۱ء۔ نگرانِ اعلیٰ: نعیم صدیقی' رابطہ: ایوانِ ادب' چوک اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۶۸ روپے۔ [نئی ادبی تحریریں' حمد' نعت' غزلیات' افسانے' مقالات' تبصرے ـــــ ایک گوشہ خاص: سید مودودی بطور ادیب اور بطور مفکر و داعی۔ ایک حصے میں حادثہ ۱۱ ستمبر اور عالم اسلام پر نظم و نثر۔]